سوال

نسیان پر مؤاخذہ نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مسلمان نے عمرے کا احرام باندھا اس کی عادت یہ ہے کہ وہ سوچ بچار کے وقت اپنے بالوں میں ہاتھ پھیرتا رہتا ہے ، بھول کر حالت احرام میں بھی اس نے جب ایسا ہی کیا تو اس کے کئی بال گرگئے تو کیا اس صورت میں کوئی کفارہ ہوگا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس پر کوئی کفارہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے مومن بندوں کے بارے میں فرمایا ہے کہ وہ دعا یہ کرتے ہیں :

رَبَّنا لا تُؤاخِذنا إِن نَسينا أَو أَخطَأنا ... ۲۸٦ سورة البقرة

"اے ہمارے رب! اگر ہم سے بھول یا چوک ہوگئی ہو تو ہم سے مؤاخذہ نہ کرنا۔"

اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی اس دعا کو شرف قبولیت سے نوازدیا ہے صحیح حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس دعا کے جواب میں فرمایا :

(قد فعلت) (صحیح مسلم' الایمان' باب بیان تجاوز اللہ الخ' ح:126)

"میں نے یہ کردیا۔" (یعنی میں مؤاخذہ نہیں کروں گا۔)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی